1047-لفظ جلالہ "اللہ" والی قمیص زیب تن کرنا

سوال

انگلینڈ میں آہستہ آہستہ ایسی قیمصیں پہننے کا رواج ہورہا ہے جس پر لفظ "اللہ" لکھا ہوتا ہے، یہ معاملہ غلط امور میں شمار کیا جاتا ہے، کیونکہ ہوسکتا ہے بعض اوقات لوگ قمیص پہننے میں صحیح طریقہ اختیار نہ کریں اور اسے زمین پر رکھ دیں، اس کے ساتھ ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ: اگران کا پہننا اور اسے بیت الخلاء میں لے کر جانے جائز ہے یا نہیں، اس سلسلہ میں آپ کی رائے کیا ہے؟

پسندیدہ جواب

اس طرح کی قمیص اور شرٹ خریدنی اور
فروخت کرنی اور پہننی جائز نہیں، بلکہ جو بھی اسے پہنے اسے اس سے روکنا ضروری اور واجب ہے، کیونکہ اس کام میں یعنی قمیص پر لفظ جلالہ "اللہ" اس لیے لکھا ہے کہ اسے ہلکا اور کم تر سمجھا جائے، اور بلاشک وشبہ یہ اللہ کے نام کی توہین ہے.

رہا مسئلہ اسے ایسی جگھوں میں رکھنا
اور لے کر جانا جہاں اسے نہیں لے جانا چاہیے، مثلا بیت الخلا اور خاص کر جب گندی ہو جائے تو اسے دھونا چاہیے یا اس طرح کو دوسری توہین والی صورتوں سے اجتناب کرنا چاہیے.

پھر آپ اور دوسرے مسلمانوں کا اس طرح
کی شرٹ اور قمیص خریدنے سے اجتناب کرنا اور دور رہنا اس کی خرید و فروخت کا دائرہ تنگ کرنے کا باعث بنے گا جس کی بنا پر اس کی مارکیٹنگ کرنے اور اسے تیار کرنے والوں کو اس لفظ کو نہ لکھنے پر مجبور ہونا پڑے گا، اگر ان کا ہدف تجارتی ہوا"

واللہ اعلم.